وزیر اعظم کا یو اے ای کے صدر کے ساتھ میٹنگ

13 فروری، 2024

وزیر اعظم جناب نریندر مودی متحدہ عرب امارات کے سرکاری دورے پر آج ابوظہبی پہنچ گئے ہیں۔ جہاں متحدہ عرب امارات کے صدر عزت مآب شیخ محمد بن زید النہیان نے ایئرپورٹ پر ان کا خصوصی اور گرمجوشی کے ساتھ استقبال کیا۔

2۔ دونوں رہنماؤں نے آمنے سامنے فردا فردا اور وفود کی سطح پر بات چیت کی۔ انہوں نے دوطرفہ شراکت داری کا جائزہ لیا اور تعاون کے نئے شعبوں پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے تجارت اور سرمایہ کاری، ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، فنٹیک، توانائی، انفراسٹرکچر، ثقافت اور عوام سے عوام کے روابط سمیت تمام شعبوں میں جامع اسٹریٹجک پارٹنرشپ کو مزید گہرا کرنے کا خیرمقدم کیا۔ بات چیت میں علاقائی اور عالمی مسائل کا بھی احاطہ کیا گیا۔

3۔ دونوں رہنماؤں نے درج ذیل باتوں پر تبادلہ خیال کیا:

دوطرفہ سرمایہ کاری کا معاہدہ: یہ معاہدہ دونوں ممالک میں سرمایہ کاری کو مزید فروغ دینے کے لیے کلیدی معاون ثابت ہوگا۔ ہندوستان نے متحدہ عرب امارات کے ساتھ دو طرفہ سرمایہ کاری کے معاہدے اور ایک جامع اقتصادی شراکت داری کے معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔

بجلی کے باہمی ربط اور تجارتی شعبے میں تعاون پر مفاہمت کی یادداشت: اس سے توانائی کے شعبے میں تعاون کے نئے شعبے کھلتے ہیں، بشمول توانائی کی حفاظت اور توانائی کی تجارت۔

ہندوستان-مشرق وسطی-یوروپ معاشی راہداری بااختیار بنانے اور آپریشن کے لیے تعاون سے متعلق بین حکومتی فریم ورک معاہدہ: یہ اس معاملے پر سابقہ مفاہمت اور تعاون پر استوار ہوگا اور علاقائی رابطوں کو آگے لے جانے کے لیے ہندوستان اور متحدہ عرب امارات کے تعاون کو فروغ دے گا۔

ڈیجیٹل انفراسٹرکچر پروجیکٹس میں باہمی تعاون پر مفاہمت کی یاد داشت: یہ ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کے شعبے میں سرمایہ کاری کے تعاون سمیت وسیع پیمانے پر تعاون کے لیے ایک فریم ورک بنائے گا اور تکنیکی علم، مہارت اور مہارت کے اشتراک میں بھی سہولت فراہم کرے گا۔

متحدہ عرب امارات کی نیشنل لائبریری اور آرکائیوز اور نیشنل آرکائیوز آف انڈیا کے درمیان تعاون کا پروٹوکول: یہ پروٹوکول اس شعبے میں وسیع دو طرفہ تعاون کو تشکیل دے گا جس میں آرکائیو مواد کی بحالی اور تحفظ شامل ہے۔

نیشنل میری ٹائم ہیریٹیج کمپلیکس (NMHC) کی ترقی پر مفاہمت کی یاد داشت: اس سے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو فروغ ملے گا جس کا مقصد لوتھل، گجرات میں میری ٹائم ہیریٹیج کمپلیکس کو سپورٹ کرنا ہے۔

فوری ادائیگی پلیٹ فارمز – یو پی آئی (انڈیا) اور AANI (یو اے ای) کو مربوط کرنے پر معاہدہ: اس سے دونوں ممالک کے درمیان بغیر کسی رکاوٹ کے سرحد پار لین دین کو سہولت ملے گی۔ یہ گزشتہ سال جولائی میں عزت

مآب وزیر اعظم کے ابوظہبی کے دورے کے دوران آپس میں منسلک ادائیگی اور پیغام رسانی کے نظام سے متعلق مفاہمت نامے کے بعد طے پایا ہے۔

گھریلو ڈیبٹ/کریڈٹ کارڈز کو آپس میں مربوط کرنے کا معاہدہ – روپئے (انڈیا) کا یو اے ای کے **JAYWAN کے ساتھ:** مالیاتی شعبے میں تعاون کی تعمیر میں ایک اہم قدم، یہ پورے متحدہ عرب امارات میں RuPay کی عالمی قبولیت کو فروغ دے گا۔

4۔ وزیراعظم نے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان کو متحدہ عرب امارات کے گھریلو کارڈ JAYWAN کے اجراء پر مبارکباد دی جو کہ ڈیجیٹل روپے کریڈٹ اور ڈیبٹ کارڈ اسٹیک پر مبنی ہے۔رہنماؤں نے JAYWAN کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے ایک لین دین کا بھی مشاہدہ کیا اور اس خاص پل کے گواہ بنے۔

5۔ رہنماؤں نے توانائی کی شراکت داری کو مضبوط بنانے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اس بات کی تعریف کی کہ یو اے ای خام اور ایل پی جی کے سب سے بڑے سورس میں شامل ہونے کے علاوہ، ہندوستان اب ایل این جی کے لیے طویل مدتی معاہدے کر رہا ہے۔

6۔ دورے سے قبل RITES لمیٹڈ نے ابوظہبی پورٹس کمپنی اور گجرات میری ٹائم بورڈ نے ابوظہبی پورٹس کمپنی کے ساتھ ایک معاہدہ کیا۔ یہ بندرگاہ کے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر اور دونوں ممالک کے درمیان رابطوں کو مزید بڑھانے میں مدد فراہم کرے گا۔

7۔ . وزیر اعظم نے صدر عزت مآب شیخ محمد بن زاید النہیان کی ذاتی اعانت اور ابوظہبی میں BAPS مندر کی تعمیر کے لیے زمین دینے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں فریقوں نے نوٹ کیا کہ BAPS مندر یو اے ای- ہندوستان دوستی، گہرے ثقافتی رشتوں اور ہم آہنگی، رواداری اور پرامن بقائے باہمی کے لیے متحدہ عرب امارات کی عالمی وابستگی کا ایک مجسمہ ہے۔

ابو ظہبی
13 فروری، 2024